سوال

(229) روزے دار کا کثرت سے غسل کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رمضان میں دن کے وقت ایک سے زیادہ بار غسل کرنے اور طویل وقت تک ایسے ائیر کنڈیشنز کے پاس بیٹھے رہنے کے بارے میں کیا حکم ہے جو رطوبت خارج کرتا ہو؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ جائز ہے، اس میں کوئی حرج نہیں کیونکہ رسول علیہ الصلوة والسلام روزے کی حالت میں گرمی یا پیاس کی وجہ سے اپنے سر مبارک پر پانی ڈال لیا کرتے تھے، [1] ابن عمر رضی اللہ عنہ حرارت یا پیاس کی شدت کم کرنے کے لیے اپنے کپڑے کو گیلا کر لیا کرتے تھے۔ [2] رطوبت روزے پر اثر انداز نہیں ہوتی کیونکہ یہ پانی تو نہیں ہے جو معدے تک پہنچتا ہو۔

---

[1] سنن ابی داوٗد، الصیام، باب الصائم یصب علیہ الماء   الخ، حدیث: 2365

[2] صحيح بخاري، الصوم، باب اغتسال الصائم

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب الصیام : ج 2 صفحہ 184

محدث فتویٰ